تاجر دوست اسکیم سے متعلق متفرق سوالات اور اُن کے جوابات

سوال نمبر 1: تاجر دوست اسکیم کس کے لیے ہے؟

جواب: تمام ہول سیلرز، ریٹیلرز، ڈیلرز مثلاً جنرل اسٹورز، میڈیکل اسٹورز، فرنیچر اور تزئین و آرائش کی دُکانیں اور تمام دُکانیں اس اسکیم میں شامل ہیں

سوال نمبر 2: تاجر دوست اسکیم کس کے لیے نہیں ہے؟

جواب: یہ اسکیم تمام تاجر افراد کے لئے ہے جن کا سوال نمبر 1 میں ذکر ہے۔ ماسوائے ان کیٹگری کے

۱۔ کمپنی

۲۔ نیشنل اور انٹرنیشنل چین اسٹورز جو ایک سے زیادہ شہر میں واقع ہوں۔

سوال نمبر 3: کیا انکم ٹیکس میں پہلے سے رجسٹرڈ دُکاندار کو تاجر دوست اسکیم 2024ء میں بھی اپنے آپ کو رجسٹرڈ کروانا ہوگا۔

جواب: اگر آپ پہلے سے رجسٹرڈ ہیں تو دوبارہ رجسٹریشن کی ضرورت نہیں۔ آپ اسکیم میں رجسٹرڈ شمار کیئے جائیں گے۔ البتہ یکم جولائی 2024ء سے ماہانہ ایڈوانس انکم ٹیکس اسی تاجر دوست اسکیم کے تحت جمع کروانا ہوگا۔

سوال نمبر 4: میں پہلے سے ایک دُکاندار کی حیثیت سے انکم ٹیکس میں رجسٹرڈ ہوں اور اپنا مجوزہ ٹیکس ادا کر کے انکم ٹیکس ریٹرن بھی جمع کرواتا ہوں تو کیا مجھے بھی اب اس نئی تاجر دوست اسکیم رجسٹریشن کروانا ہوگی؟

جواب: اگر آپ پہلے سے رجسٹرڈ ہیں اور اپنا ٹیکس ریٹرن بھی جمع کرواتے ہیں تو دوبارہ رجسٹریشن کی ضرورت نہیں۔ آپ اسکیم میں رجسٹرڈ شمار کیئے جائیں گے۔ البتہ یکم جولائی 2024ء سے ماہانہ ایڈوانس انکم ٹیکس اسی تاجر دوست اسکیم کے تحت جمع کروائیں گے۔

سوال نمبر 5: **اگر میں اپنے آپ کو نئی تاجر دوست اسکیم میں رجسٹریشن کروالوں تو پہلے سے انکم ٹیکس رجسٹریشن کینسل تصور ہوگی اور مجھے ریٹرن جمع نہیں کروانی ہوگی۔**

جواب: جی نہیں! آپ کی پہلی رجسٹریشن ختم نہیں ہوگی۔تاجر دوست اسکیم تمام تاجروں کے لیے ہے۔ اگر کوئی تاجر پہلے سے رجسٹرڈ ہے اور اپنا گوشوارہ (ریٹرن) بھی جمع کرواتا ہے تو دوبارہ رجسٹریشن کی ضرورت نہیں۔آپ اسکیم میں رجسٹرڈ شمار کئے جائیں گے۔البتہ یکم جولائی 2024ء سے ماہانہ ایڈوانس انکم ٹیکس اسی تاجر دوست اسکیم کے تحت جمع کروانا ہوگا اور سال 2024 کا ریٹرن معمول کے مطابق جمع کروائیں گے، جیسے پہلے جمع کرواتے رہے ہیں۔

سوال نمبر 6: **کیا انکم ٹیکس اور تاجر دوست اسکیم 2024ء کے تحت ایک دُکاندار کو علیحدہ علیحدہ انکم ٹیکس اور ایڈوانس ٹیکس دینا ہوگا یعنی بیک وقت دونوں ٹیکس 25-2024ء میں دینا ہوں گے؟**

جواب: تاجر دوست اسکیم میں ٹیکس جمع کرانے کا طریقہ کار دیا گیا ہے، دُکاندار یا تاجر کو اِس اسکیم کے تحت ماہانہ ایڈوانس ٹیکس دینا ہوگا۔جو تاجر سہ ماہی ایڈوانس انکم ٹیکس دینے کے پابند ہیں وہ اپنا سہ ماہی انکم ٹیکس جمع کرواتے وقت تاجر دوست اسکیم مین دیا گیا ٹیکس ایڈجسٹ کرواسکتا ہے۔

سوال نمبر 7: **کیا یہ اسکیم Tier-I ریٹیلرز کے لئے بھی ہے؟**

جواب: جی ہاں! یہ اسکیم تمام ریٹیلرز پر لاگو ہے۔

سوال نمبر 8: **کیا تاجروں کو سیلز ٹیکس میں بھی رجسٹرڈ ہونا ہوگا؟**

جواب: تاجر دوست اسکیم انکم ٹیکس رجسٹریشن سے متعلق ہے اس اسکیم کا سیلز ٹیکس سے تعلق نہیں۔البتہ وہ تاجر جو سیلز ٹیکس میں رجسٹر ہونا لازم ہیں انہیں سیلز ٹیکس میں علیحدہ سے رجسٹر ہونا چاہئے۔

سوال نمبر 9: کیا تاجروں کو **POS** میں بھی رجسٹریشن کروانا ہوگی۔

جواب: تاجر دوست اسکیم میں شامل ہونے کے لئے POS کی رجسٹریشن لازمی نہیں۔البتہ Tier-I ریٹیلرز کو POS میں رجسٹریشن لازمی ہے۔

سوال نمبر 10: میں ایک شاپنگ مال میں **KIOSK** لگاتا ہوں۔ کیا میں بھی تاجر دوست اسکیم میں رجسٹریشن کا اہل ہوں۔

جواب: جی ہاں! یہ اسکیم تمام دُکانداروں کے لئے ہے۔بشمول KISOK۔

سوال نمبر 11: کیا بجلی کے بل کے ساتھ ادا کیا گیا ٹیکس ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں! ماہانہ بجلی کے بلوں پر ادا کیا گیا انکم ٹیکس تاجر دوست اسکیم میں ادائیگی کے وقت ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے۔